4-Apr-13

پریس ریلیز

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی تعلیم وصحت کے شعبے میں سرگرمیاں قابل تعریف ہیں۔ جسٹس (ر) زاہد قربان علوی

نگراں وزیر اعلیٰ سندھ کی عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے وفد سے ملاقات

کراچی (پ-ر) عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی خدمات قابل تعریف ہیں جن سے ہزاروں غرباء ومساکین استفادہ حاصل کر رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار نگراں وزیر اعلیٰ سندھ جسٹس (ر) زاہد قربان علوی نے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے ایک اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وفد کی سربراہی چیئر مین چوہدری نثار احمد نے کی جس میں جنرل سیکریٹری شمیم احمد چاندنہ، شکیل دہلوی، واصف شکیل اور دیگر اراکین شامل تھے۔ وفد نے انہیں نگراں وزیر اعلیٰ منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ کی جانب سے بھی توجہ دلائی گئی کہ نچلے درجے خصوصاً محکمۂ پولیس کے سرکاری ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے کام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ غریب سپاہی نہایت غیر انسانی حالات میں گزر بسر کر رہے ہیں، انہوں نے وفد سے ان کی تعلیم وصحت کے حوالے سے اقدامات کرنے کیلئے کہا جس پر شکیل دہلوی نے انہیں بھرپور تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے دروازے ہر ایک کیلئے کھلے ہوئے ہیں اور جو ضرورت مند آتا ہے اسکی بلاتفریق مدد کی پوری کوشش کی جاتی ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ وہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کی خدمات سے اچھی طرح واقف ہیں اور کئی سالوں سے جاری ٹرسٹ کی سرگرمیاں جو وہ صحت وعلاج، تعلیم اور غریب بچیوں کی شادی کیلئے انجام دے رہا ہے لائق تحسین ہیں۔ چیئر مین چوہدری نثار نے وزیر اعلیٰ کو ٹرسٹ کے دورے کی دعوت دی جو انہوں نے خوشدلی سے قبول کر لی اور جلد دورہ کرنے کا وعدہ کیا۔ بعد ازاں وزیر اعلیٰ کو عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے قائم کئے جانے والے 2 ہزار گز کے رقبے پر چار منزلہ عمارت میں 10 کروڑ روپے کی لاگت سے ٹیکنیکل ایجوکیشن انسٹی ٹیوٹ کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ باہمی تعاون کو فروغ دینے کیلئے وزیر اعلیٰ نے سندھ حکومت کے زیر انتظام انسٹی ٹیوٹ کو گود لینے کی پیشکش بھی کی۔ صوبائی وزیر برائے سماجی بہبود و زکوٰۃ خالد لطیف نے جو اس ملاقات کے دوران موجود تھے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے شفاف نظام کی تعریف کی اور کہا کہ وہ ادارے کو زکوٰۃ بجٹ سے امداد کا انتظام کریں گے۔

وزیر اعلیٰ نے آمد پر وفد کا شکریہ ادا کیا اور جلد ہی دورہ کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

#